آڈٹ بیورو آف سرکولیشن (ABC) وزارت اطلاعات ونشریات سے باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

DAILY NAWA-E-AHMEDPUR SHARQIA

روزنامہ

نوائے احمدپور شرقیہ

بہاولپور

چیف ایڈیٹر: احسان احمد سحر

ایڈیٹر: اعجاز احمد خان

ٹیلیفون نمبر: 062-2508053

موبائل: 0301-7740405

نیوز ایڈیٹر: محمد سلیمان فاروقی

E-mail: nawaiahmedpur@gmail.com, daily.nawaiahmedpur@gmail.com

جلد نمبر 20 | بروز جمعرات 23 اپریل 2026ء قیمت فی شمارہ 10 روپے زرسالانہ 3 ہزار روپے | شمارہ نمبر 55

ایران کیساتھ مذاکرات کا دوسرا دور جمعہ کو ہو سکتا ہے ٹرمپ

امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ٹروتھ سوشل پر بیان میں کہا وزیراعظم شہباز شریف اور فیلڈ مارشل عاصم منیر کی درخواست پر ایران کے خلاف حملہ فی الحال مؤخر کیا جا رہا ہے تاکہ ایرانی قیادت اور نمائندے متفقہ تجویز پیش کر سکیں

واشنگٹن (مانیٹرنگ ڈیسک) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا کہ ایران کے ساتھ مذاکرات کا دوسرا دور جمعہ کو ہو سکتا ہے۔ امریکی اخبار کو انٹرویو دیتے ہوئے صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ فوج کو ہدایت دی ہے کہ ناکہ بندی جاری رکھی جائے اور ہر ممکن صورتحال سے نمٹنے کے لیے تیار رہے۔ ڈونلڈ ٹرمپ کے مطابق جنگ بندی کو اس وقت تک بڑھایا جا رہا ہے جب تک ایران اپنی

بقیہ نمبر 1 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

ماحولیاتی تبدیلی بڑا عالمی چیلنج، زمین کے تحفظ بارے شعور اجاگر کرنا ہماری اجتماعی ذمہ داری ہے

سپیکر قومی اسمبلی کا زمین کے عالمی دن پر پیغام

اسلام آباد (سی ایم لنکس) سپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے کہا ہے کہ ماحولیاتی تبدیلی پوری دنیا کے لیے ایک سنگین چیلنج ہے، کرہ ارض کی

بقیہ نمبر 2 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

سولر سسٹم لگوانے والوں کے لیے بڑی خبر، حکومت نے نیا قانون نافذ کر دیا

اسلام آباد (سی ایم لنکس) وزارت پاور

بقیہ نمبر 3 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

طلبا میں مسائل حل کرنے کی صلاحیت، تخلیقی سوچ اور ٹیکنالوجی کے مثر ہنر پیدا کئے جائیں تاکہ وہ بدلتی ہوئی دنیا کے تقاضوں کو پورا کر سکیں علی ڈار مشیر وزیر اعلی پنجاب

اس الصراط پبلک ہائر سیکنڈری اسکول کی چودھویں سالانہ تقریب تقسیم انعامات

تخلیقی سوچ، جدت اور مثبت توانائی ہی دراصل ہمارے ملک کے روشن مستقبل کی ضمانت ہے۔ مجھے کامل یقین ہے کہ ہماری آنیوالی نسل نہ صرف جدید علوم میں مہارت حاصل کریگی بلکہ اپنے اعلی کردار، محنت اور عزم کے ذریعے پاکستان کا نام عالمی سطح پر مزید بلند کریگی

یہ ادارہ بجا طور پر اس بات پر فخر کر سکتا ہے کہ اس نے تعلیمی میدان میں نمایاں اور قابلِ قدر خدمات سرانجام دی ہیں وزیر اعلی پنجاب کے مشیر برائے مصنوعی ذہانت وخصوصی اقدامات علی ڈار کا اس الصراط پبلک ہائر سیکنڈری سکول کی چودھویں سالانہ تقریب تقسیم انعامات میں بطور مہمان خصوصی خطاب

شاندار سالانہ تقریب کی صدارت چیف ایگزیکٹیو آفیسر اس الصراط آرگنائزیشن محترمہ فاطمہ خالد نے کی جنہوں نے سپاس نامہ پیش کیا اور اسکول کی نصابی وغیر نصابی کارکردگی پر روشنی ڈالی جبکہ نظامت کے فرائض مس شائستہ بخاری نے انجام دیے وزیر اعلی پنجاب کے مشیر نے نے نرسری سے آٹھویں جماعت کے 24 پوزیشن ہولڈرز طلبہ وطالبات میں شیلڈز تقسیم کیں

وزیر اعلی پنجاب کے مشیر برائے مصنوعی ذہانت علی ڈار کا اس الصراط پبلک ہائر سیکنڈری سکول کے پوزیشن ہولڈرز طلبا وطالبات کے ہمراہ گروپ فوٹو، سی ای او اس الصراط آرگنائزیشن محترمہ فاطمہ خالد بھی موجود ہیں

احمد پور شرقیہ (سٹاف رپورٹر) وزیر اعلی پنجاب کے مشیر برائے مصنوعی ذہانت وخصوصی اقدامات علی ڈار نے کہا ہے کہ آج کے دور میں محض ڈگری کا حصول کافی نہیں رہا وقت کا تقاضہ ہے کہ ہم اپنے طلبا میں مسائل حل کرنے کی صلاحیت تخلیقی سوچ اور ٹیکنالوجی کے موثر استعمال جیسے عملی ہنر پیدا کریں تاکہ وہ بدلتی ہوئی دنیا کے تقاضوں کو پورا کر سکیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے آج اس الصراط پبلک ہائر سیکنڈری سکول کی چودھویں سالانہ تقریب تقسیم انعامات میں بطور مہمان خصوصی خطاب کرتے ہوئے کیا جس میں انہوں نے نرسری سے آٹھویں جماعت کے 24 پوزیشن ہولڈرز طلبہ وطالبات میں شیلڈز تقسیم کیں۔ اس شاندار سالانہ تقریب کی صدارت چیف ایگزیکٹیو آفیسر اس الصراط آرگنائزیشن محترمہ فاطمہ خالد نے کی جنہوں نے سپاس نامہ پیش کیا اور اسکول کی نصابی وغیر نصابی کارکردگی پر روشنی ڈالی جبکہ نظامت کے فرائض مس شائستہ بخاری نے انجام دیے۔ وزیر اعلی پنجاب کے مشیر علی ڈار نے کہا تخلیقی سوچ، جدت اور مثبت توانائی ہی دراصل ہمارے ملک کے روشن مستقبل کی ضمانت ہے۔ مجھے کامل یقین ہے کہ ہماری آنے والی نسل نہ صرف جدید علوم میں مہارت حاصل کرے گی بلکہ اپنے اعلی کردار، محنت اور عزم کے ذریعے پاکستان کا نام عالمی سطح پر مزید بلند کرے گی۔ وزیر اعلی پنجاب کے مشیر نے مزید کہا کہ آج اس باوقار اور شاندار تقریب کے آغاز پر میں خصوصا عبدالعزیز صاحب (ٹرسٹی اس الصراط آرگنائزیشن)، ڈاکٹر خالد اقبال صاحب (ٹرسٹی اس الصراط آرگنائزیشن)، فاطمہ خالد صاحبہ (سی ای او اس الصراط آرگنائزیشن) (اور درشہوار صاحبہ) پرنسپل اس الصراط اسکول (کا دل کی گہرائیوں سے شکریہ ادا کرنا چاہتا ہوں۔ ان کے ساتھ ساتھ میں ادارے کی معزز انتظامیہ، اساتذہ کرام اور منتظمین کو بھی خراج تحسین پیش کرتا ہوں کہ انہوں نے تعلیم وتربیت کے لیے نہایت اعلی اور مثالی ماحول فراہم کیا ہے۔ آپ سب کی مخلصانہ کاوشیں، بصیرت افروز قیادت اور تعلیم کے فروغ کے لیے مسلسل محنت یقیناً قابلِ تحسین ہے۔ آپ نے جس جذبے اور لگن کے ساتھ اس ادارے کو ترقی کی راہ پر گامزن کیا ہے، وہ ہم سب کے لیے باعثِ فخر ہے۔ یہ ادارہ بجا طور پر اس بات پر فخر کر سکتا ہے کہ اس نے تعلیمی میدان میں نمایاں اور قابلِ قدر خدمات سرانجام دی ہیں۔ یہ بات انتہائی قابلِ تعریف ہے کہ یہاں صرف نصابی تعلیم تک محدود نہیں رہا جاتا بلکہ طلبہ کی ہمہ جہت تربیت پر بھی بھرپور توجہ دی جاتی ہے۔ یہی وہ بنیاد ہے جس کی بدولت ہمارے طلبہ زندگی کے مختلف شعبوں میں نمایاں کامیابیاں حاصل کر رہے ہیں اور ملک و قوم کا نام روشن کر رہے ہیں۔ آج کی اس تقریب میں بچوں کی جانب سے پیش کیے گئے ٹیبلو نے جس خوبصورتی، تخلیقی انداز اور گہرے پیغام کے ساتھ اپنے خیالات کا اظہار کیا، وہ واقعی لائقِ تحسین ہے۔ یہ ہمارے بچوں کی صلاحیتوں، شعور، فہم اور مثبت جذبے کی بھرپور عکاسی کرتا ہے۔ پاکستان کے یہ ننھے معمار درحقیقت ہماری قوم کا روشن مستقبل ہیں۔ یہ بچے نہ صرف خوشی کے مواقع پر اپنی صلاحیتوں کا اظہار کر رہے ہیں بلکہ تعلیم، کھیل، ٹیکنالوجی اور ادب سمیت ہر میدان میں اپنی قابلیت کا لوہا منوا رہے ہیں اس الصراط پبلک ہائر سیکنڈری اسکول کی رنگا رنگ سالانہ تقریب میں سی او دار الشفا ہسپتال عبدالرزاق، یورالوجسٹ ڈاکٹر طاہر، حیدر علی خالد، ایم دلشاد ایگزیکٹو ایڈمن کے علاوہ طلبا و طالبات انکے والدین عمائدین شہر اور غیر ملکی مہمانوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ تقریب کے اختتام پر اس الصراط آرگنائزیشن کی سی ای او محترمہ فاطمہ خالد اور پرنسپل محترمہ درشہوار نے وزیر اعلی پنجاب کے مشیر کو اس الصراط ہائر پبلک سیکنڈری سکول کی جانب سے خصوصی شیلڈ پیش کی۔۔ بعد ازاں نائب وزیر اعظم اسحاق ڈار کے صاحبزادے علی ڈار کے اعزاز میں ممتاز سماجی وکاروباری شخصیت ڈاکٹر خالد اقبال کی جانب سے پر تکلف ظہرانہ دیا گیا

اس الصراط آرگنائزیشن کی چیف ایگزیکٹو آفیسر محترمہ فاطمہ خالد اور پرنسپل اس الصراط پبلک ہائر سیکنڈری اسکول درشہوار وزیر اعلی پنجاب کے مشیر علی ڈار کو خصوصی شیلڈ پیش کر رہی ہیں

اس الصراط پبلک ہائر سیکنڈری سکول کے بچے سالانہ رنگا رنگ تقریب تقسیم انعامات میں ٹیبلو کر رہے ہیں

وزیر اعلی پنجاب کے مشیر علی ڈار اس الصراط ہائر سیکنڈری اسکول کی سالانہ چودھویں سالانہ تقریب تقسیم انعامات میں بطور مہمان خصوصی خطاب کر رہے ہیں

اس الصراط پبلک ہائر سیکنڈری سکول کی سالانہ تقریب میں شریک شرکا کا ایک گوشہ

وزیر اعظم سے ایرانی سفیر رضا امیری مقدم کی ملاقات امن کوششوں پر تبادلہ خیال

وزیر اعظم اور ایرانی سفیر کی ملاقات میں نائب وزیر اعظم اسحاق ڈار بھی شریک ہوئے، معاون خصوصی طارق فاطمی اور سیکرٹری خارجہ بھی موجود تھے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیر اعظم شہباز شریف سے اسلامی جمہوریہ ایران کے سفیر رضا امیری مقدم نے ملاقات کی۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر جاری بیان کے مطابق ملاقات میں خطے کی موجودہ صورتحال اور امن کی

بقیہ نمبر 4 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر محمد کامران کا آؤٹ کم بیسڈ ایجوکیشن کے موضوع پر تفصیلی لیکچر

کوالٹی ایجوکیشن یونیورسٹی کیمپسز کے ساتھ ساتھ ملحقہ کالجز میں بھی ان کی اولین ترجیح ہے

بہاول پور (پ ر) وائس چانسلر اسلامیہ یونیورسٹی بہاول پور پروفیسر ڈاکٹر محمد کامران کے ویژن کے مطابق کوالٹی انہانسمنٹ سیل ڈائریکٹوریٹ آف انٹیلیکشن کے ساتھ یونیورسٹی میں کوالٹی ایجوکیشن کے نفاذ کے ساتھ ساتھ ملحقہ

بقیہ نمبر 6 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

پاسداران انقلاب کی آبنائے ہرمز میں بڑی کارروائی دو جہاز قبضے میں لے لئے

پاسدارانِ انقلاب نے جہازوں کی شناخت ایم ایس سی فرانسسکا اور ایپا مینوڈس کے نام سے کی ہے، ایم ایس سی فرانسسکا کا تعلق اسرائیل سے بتایا گیا ہے

ایرانی بحریہ کے مطابق دونوں جہاز بغیر اجازت سرگرم تھے اور بار بار قواعد کی خلاف ورزیاں کر رہے تھے

تہران (مانیٹرنگ ڈیسک) ایرانی پاسداران انقلاب نے دعوی کیا ہے کہ اس نے آبنائے ہرمز میں خلاف ورزیوں کے الزام میں دو بحری جہازوں کو روک کر ایرانی حدود میں منتقل کر دیا ہے۔ پاسدارانِ انقلاب نے جہازوں کی شناخت

بقیہ نمبر 9 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر رانا عبدالوہاب اپنے آفس میں کھلی کچہری

غفلت برتنے والے افسران سے جواب طلبی کی جائے، ڈی پی او رانا عبدالوہاب

بہاول پور (پ ر) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر رانا عبدالوہاب کا شہریوں کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کرنے کیلئے روزانہ کی بنیاد پر اپنے دفتر میں کھلی کچہری کا انعقاد، 20 سے زائد شہریوں

بقیہ نمبر 5 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

یونین کونسل دشتی اور جھوک گلاب شاہ میں اربوں روپے کے ترقیاتی منصوبے تیزی سے جاری ہیں حاجی عارف خان گبول

مخدوم سید مرتضی محمود سئیں اور سردار حاجی غضنفر علی خان لنگاہ کی اولین ترجیح عوامی خدمت اور علاقے کی پائیدار ترقی ہے،

جن پور (نامہ نگار) یونین کونسل دشتی اور جھوک گلاب شاہ میں اربوں روپے کے ترقیاتی منصوبے تیزی سے جاری ہیں حاجی عارف خان گبول تفصیلات کے مطابق سابق چیئرمین یونین کونسل دشتی سردار حاجی عارف خان گبول نے صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا ہے کہ عوام کی خدمت ان کے سیاسی منشور کا بنیادی جزو ہے اور وہ سیاست کو عبادت سمجھتے ہیں انہوں نے بتایا کہ

بقیہ نمبر 8 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

ٹرمپ کے جنگ بندی کیا علان کی کوئی اہمیت نہیں، مشیر ایرانی اسپیکر

تہران (سی ایم لنکس) ایرانی پارلیمنٹ کے مشیر اسپیکر مہدی محمدی نے کہا ہے کہ ٹرمپ کے جنگ بندی میں توسیع کے اعلان کی کوئی اہمیت

بقیہ نمبر 19 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

منصوبہ پاکستان کی مستقبل اور ترقی کے لیے ناگزیر ہے، عبدالعلیم خان

اللہ کے فضل سے حکومت نے اس منصوبے کا کامیابی سے آغاز کر دیا ہے

اسلام آباد (سی ایم لنکس) وفاقی وزیر برائے مواصلات عبدالعلیم خان نے کراچی کو سکھر سے ملانے والی ایم 6 موٹروے کی تعمیر کے لیے ایشیائی ترقیاتی بینک (ADB) اور نیشنل ہائی وے اتھارٹی (NHA) کے درمیان اسٹریٹجک معاہدے پر دستخط کا باضابطہ خیر مقدم کیا ہے۔ اس تاریخی کامیابی پر قوم کو مبارکباد دیتے ہوئے وفاقی

بقیہ نمبر 18 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

سونے کی قیمت میں مسلسل تیسرے روز بھی کمی

کراچی (سی ایم لنکس) پاکستان بھر کی صرافہ مارکیٹوں میں سونے کی قیمت میں مسلسل

بقیہ نمبر 21 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

جہاز پر قبضہ، چین اور امریکا آمنے سامنے آگئے

بیجنگ (سی ایم لنکس) چین نے امریکی بحریہ کی جانب سے تحویل میں لیے گئے جہاز کے

بقیہ نمبر 24 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

پہلگام واقعہ و آپریشن سندور قابل مذمت

بھارتی اشتعال انگیزیوں کے باوجود پاکستان نے تحمل کا مظاہرہ کیا، سید یوسف رضا گیلانی

اسلام آباد (سی ایم لنکس) چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی نے پاکستان کے اصولی موقف کا اعادہ کرتے ہوئے بھارت کے غیر ذمہ دارانہ طرز عمل، کشیدگی کو ہوا دینے والی پالیسیوں اور حقائق کو مسخ کر کے خطے میں عدم استحکام کی ذمہ

بقیہ نمبر 20 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

یاسین ملک کی صحت تیزی سے خراب ہو رہی ہے، رہا کیا جائے، مشعال ملک

کشمیر ایک حساس خطہ ہے اور اگر قیادت کو دبایا گیا تو اس کے اثرات پورے خطے کے امن پر مرتب ہو سکتے ہیں

اسلام آباد (سی ایم لنکس) کشمیری حریت رہنما یاسین ملک کی اہلیہ مشعال ملک نے کہا ہے کہ یاسین ملک کی صحت تیزی سے خراب ہو رہی ہے، وہ پہلے ہی دو مرتبہ عمر قید کی سزا کاٹ رہے ہیں تاہم اب ان کی زندگی کو مزید خطرات لاحق ہیں۔ بدھ کو

بقیہ نمبر 23 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

کمشنر عرفان علی کاٹھیا نے نئے تعمیر ہونیوالے ڈی سی آفس چوک کا معائنہ کیا

چوک کے ترقیاتی کاموں کو جلد از جلد مکمل کیا جائے، کمشنر عرفان علی کاٹھیا

بہاول پور (پ ر) کمشنر بہاولپور ڈویژن عرفان علی کاٹھیا نے ڈپٹی کمشنر بہاولپور سید حسن رضا کے ہمراہ نئے تعمیر ہونے والے ڈی سی آفس چوک کا معائنہ کیا۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر بہاول پور نے منصوبے کی پیشرفت کے حوالے سے بریفنگ دی۔ کمشنر نے ہدایت کی کہ چوک کے ترقیاتی کاموں کو جلد از جلد مکمل کیا جائے تاکہ شہریوں کو

بقیہ نمبر 7 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

پولیس کا مختلف علاقوں میں گرینڈ آپریشن

متعدد ملزمان گرفتار، بھاری مقدار میں شراب، منشیات واسلحہ ناجائز برآمد

بہاول پور (پ ر) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر رانا عبدالوہاب کی کمانڈ میں بہاولپور پولیس کا سماج دشمن عناصر کے خلاف گرینڈ آپریشن، مختلف کارروائیوں میں 18 ملزمان گرفتار۔ بھاری مقدار میں شراب، منشیات واسلحہ ناجائز برآمد۔ جرائم پیشہ افراد کے خلاف جاری کارروائیوں کو مزید تیز کیا جا رہا ہے، ڈی پی او رانا عبدالوہاب تفصیلات کے

بقیہ نمبر 10 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

کمشنر بہاول پور ڈویژن عرفان علی کاٹھیا نے شہریوں کے مسائل سنے

انہوں نے دفتر میں آنے والے سائلین کی شکایات کا جائزہ لیا

بہاول پور (پ ر) کمشنر بہاول پور ڈویژن عرفان علی کاٹھیا نے عوام کو ان کی دہلیز پر انصاف کی فراہمی کے سلسلے میں اپنے دفتر میں شہریوں کے مسائل سنے۔ انہوں نے دفتر میں آنے والے سائلین کی شکایات کا جائزہ لیا اور موقع پر ہی متعلقہ محکموں کے افسران کو احکامات جاری کیے۔ اس موقع پر کمشنر بہاول پور ڈویژن عرفان علی کاٹھیا نے

بقیہ نمبر 11 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

ماحولیاتی تحفظ اجتماعی ذمے داری ہے: وزیر اعظم شہباز شریف

اسوقت کرہ ارض کو موسمیاتی تبدیلی سمیت مختلف ماحولیاتی چیلنجز کا سامنا ہے

اسلام آباد (سی ایم لنکس) وزیر اعظم شہباز شریف نے زمین کے عالمی دن کے موقع پر اپنے پیغام میں کہا ہے کہ پاکستان آج بھرپور اور پُرعزم انداز میں یہ دن منا رہا ہے، جو زمین کی ناگزیر

بقیہ نمبر 12 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

مریم نواز رورل ہیلتھ سنٹر اللہ آباد میں لیڈی ڈاکٹر سمیت تین ڈاکٹرز کی پوسٹیں خالی ہیں

لیڈی ڈاکٹر نہ ہونے سے خواتین مریض امراض مخصوصہ کے چیک اپ کے لیے دور دراز شہروں میں واقع ہسپتالوں میں جانے پر مجبور ہیں

اللہ آباد (نامہ نگار) مریم نواز رورل ہیلتھ سنٹر اللہ آباد میں لیڈی ڈاکٹر سمیت تین ڈاکٹرز کی پوسٹیں خالی ہیں لیڈی ڈاکٹر نہ ہونے سے خواتین مریضوں کو امراض مخصوصہ کے چیک اپ کے لیے دور دراز شہروں میں واقع ہسپتالوں میں جانے پر مجبور ہیں شہریوں نے فوری طور پر لیڈی ڈاکٹر سمیت دیگر ڈاکٹر تعینات کرنے کا مطالبہ کیا ہے مریم نواز رورل ہیلتھ سنٹر اللہ آباد میں پانچ

بقیہ نمبر 13 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

وفاقی محتسب کے ریجنل آفس بہاولپور میں سائلین کو بڑی تعداد میں ریلیف فراہم، 95 سے زائد کیسز نمٹا دیے گئے

میپکو ڈویژن صادق آباد اور رحیم یار خان سے متعلق شکایات کی سماعت فوری اقدامات کے نتیجے میں

شہریوں کو مجموعی طور پر 20 لاکھ روپے سے زائد کا ریلیف فراہم کیا گیا

جن پور (نامہ نگار) وفاقی محتسب کے ریجنل آفس بہاولپور میں سائلین کو بڑی تعداد میں ریلیف فراہم، 95 سے زائد کیسز نمٹا دیے گئے تفصیلات کے مطابق وفاقی محتسب کے ریجنل آفس میں سینئر ایڈوائزر طاہر نواز خان نے میپکو

بقیہ نمبر 17 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

پاکستان اسٹاک ایکسچینج میں ملاجلا رجحان

کراچی (سی ایم لنکس) پاکستان اسٹاک ایکسچینج میں کاروباری ہفتے کے تیسرے روز ملا جلا

بقیہ نمبر 16 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

صدر مملکت آصف علی زرداری کا عالمی یوم کتاب (23 اپریل 2026) پر پیغام

معاشرے کی تعمیر وترقی میں اپنا کردار ادا کرتی ہے، صدر مملکت آصف علی زرداری

اسلام آباد (سی ایم لنکس) یونیسکو (UNESCO) کے زیر اہتمام، دنیا بھر میں منایا جانے والا کتاب کا عالمی دن ایک بامعنی

بقیہ نمبر 14 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

امید ہے دونوں فریق جنگ بندی کی پاسداری جاری رکھیں گے، وزیر اعظم شہباز شریف

وزیر اعظم کا اپنی اور فیلڈ مارشل عاصم منیر کی طرف صدر ٹرمپ کا شکریہ ادا کیا

اسلام آباد (سی ایم لنکس) وزیر اعظم شہباز شریف کا اپنی اور فیلڈ مارشل عاصم منیر کی طرف سے جنگ بندی میں توسیع کی درخواست قبول

بقیہ نمبر 15 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

مشیر وزیر اعلی پنجاب برائے مصنوعی ذہانت علی ڈار کی اویسی ہاؤس خانقاہ شریف آمد

حضرت خواجہ محکم الدین سیرانی رحم اللہ علیہ کی مزار پر حاضری دی مزار پر چادر پوشی کرنے کے بعد میاں عثمان اویسی نے دعا کرائی

وزیر اعلی پنجاب کے مشیر برائے مصنوعی ذہانت علی ڈار خانقاہ شریف بہاولپور عظیم صوفی بزرگ حضرت خواجہ محکم الدین سیرانی کی مزار پر حاضری دینے کے بعد دعا مانگ رہے ہیں۔ ایم این اے صاحبزادہ میاں نجیب الدین اویسی حضرت خواجہ میاں صلاح الدین اویسی مرحوم کی تصنیف کردہ کتاب صاحب الیسر پیش کر رہے ہیں۔

بہاول پور (ملک طارق) نائب وزیر اعظم پاکستان اسحاق ڈار کے صاحبزادے مشیر وزیر اعلی پنجاب برائے مصنوعی ذہانت علی ڈار کی اویسی ہاس خانقاہ شریف بہاول پور آمد پر وفاقی پارلیمانی سیکرٹری برائے ریلوے ومبر قومی اسمبلی صاحبزادہ میاں محمد عثمان نجیب اویسی اور صاحبزادہ میاں محمد فہد اویسی نے ان کا پرتپاک استقبال کیا اور بعد ازاں برصغیر پاک وہند کے عظیم صوفی بزرگ حضرت خواجہ محکم الدین سیرانی رحم اللہ علیہ کی مزار پر حاضری دی گئی مزار پر چادر پوشی کرنے کے بعد صاحبزادہ میاں محمد عثمان اویسی نیملکی سلامتی

بقیہ نمبر 22 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

امریکی حکومت کے دعووں کے برعکس ایران کی عسکری قوت کا بڑا حصہ اب بھی برقرار ہے امریکی میڈیا

پاسدارانِ انقلاب کی بحریہ کا تقریبا 60 فیصد حصہ اب بھی موجود ہے جس میں تیز رفتار حملہ آور کشتیاں بھی شامل ہیں

ایران کی فضائی قوت کو نمایاں نقصان پہنچا ہے لیکن وہ مکمل طور پر ختم نہیں ہوئی اور ایران کی فضائیہ کا تقریبا دو تہائی حصہ اب بھی فعال ہے

واشنگٹن (مانیٹرنگ ڈیسک) امریکی حکام کا دعوی ہے کہ آپریشن ایپک فیوری میں ایران کی عسکری صلاحیتوں کو کافی حد تک تباہ کر دیا گیا ہے تاہم امریکی میڈیا کے مطابق ایران کی خاطر خواہ عسکری صلاحیتیں تاحال برقرار ہیں۔ اس

بقیہ نمبر 26 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی کی زیر صدارت اہم اجلاس

ایئرپورٹس پر مشترکہ چیکنگ کاؤنٹرز اور جدید ٹیکنالوجی کی تنصیب کا فیصلہ

اسلام آباد (سی ایم لنکس) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی کی زیر صدارت وزارت داخلہ اور وزارت دفاع کا ایک خصوصی مشترکہ اجلاس منعقد ہوا جس میں ملک بھر کے ایئرپورٹس پر مسافروں کو بین الاقوامی معیار کی سہولیات فراہم کرنے اور

بقیہ نمبر 25 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

ایک دام

نشاط فیبرکس

پروپرائیٹر میاں خالد اینڈ سنز

آپ کا اعتماد..... ہماری پہچان

نزد رسول پلازہ ڈیرہ نواب روڈ

میاں بلال خالد 0332-6263802 – میاں عمر خالد 0331-7567242

جینٹس ورائٹی' یامین' زین جی' اپ ٹائم' رواج' کرینٹ' کراؤن 'پوری' نارکنز لیڈیز ورائٹی' بن الیاس' ایڈن روب' رنگ رسیہ 'ایمان عدیل' علیز ے' زل بری' شنائیل' میرین کلاسک' بن وحید 'بن سعید' پیری ڈوٹ' موٹفز' شادی بیاہ کی اعلیٰ ترین ورائٹی آپ کی پسند کے مطابق دستیاب ہے۔

آپ کا اعتماد.....ہمارا معیار

نشاط آؤٹ فٹ

ہمارے ہاں

بن سعید | سکس برو | کارلوکلب
مسٹر ہارون | آئی پی | ایم پی
زارا | نائیک | پولو
فورکڈز | بیس | بینگو
کڈز | بے بی بابا | کرتا شلوار

میاں حمزہ خالد

0300-4655291

فراک کی اعلیٰ ترین ورائٹی دستیاب ہے
پینٹ شرٹ ہر سائز میں خرید فرمائیں۔

شاپ نمبر 1 جنگو پلازہ ڈیرہ نواب روڈ

پنجاب ایجوکیشن فاؤنڈیشن و بہاولپور بورڈ سے الحاق شدہ

Muslim Public High School

مسلم پبلک ہائی سکول

(بوائز اینڈ گرلز)

پرنسپل: محمد اسماعیل فاروقی
ایم اے ایل ایل بی

0300-8884846

کچہری روڈ احمد پور شرقیہ

پنجاب ایجوکیشن فاؤنڈیشن و بہاولپور بورڈ سے الحاق شدہ

Ahmedpur Public High School

احمد پور پبلک ہائی سکول

(بوائز اینڈ گرلز)

کنگن روڈ احمد پور شرقیہ

پرنسپل محمد یوسف فاروقی
بی اے ایل ایل بی

0301-8688787

EFA School System

ایفا سکول سسٹم

نرسری تا نہم

پنجاب گروپ آف کالجز کا تعلیمی منصوبہ

پرنسپل: محمد سلیمان فاروقی

نزد پنجاب کالج فنچی موڑ احمد پور شرقیہ

اب نئی انتظامیہ کے ساتھ

The Educators

دی ایجوکیٹرز

نرسری تا پنجم

بین ہاؤس سکول سسٹم کا پراجیکٹ

عثمان کیمپس

سیٹلائٹ ٹاؤن بالمقابل مدینہ مسجد
نزد مسجد العزیز حمزہ ٹاؤن احمد پور شرقیہ

Punjab College (Ahmedpur East)

پنجاب کالج

(احمد پور شرقیہ)

F.Sc | I.CS. | FA{iT]

BS | BS | BS (Computer Scienic)

بوائز اور گرلز کیلئے علیحدہ علیحدہ کیمپس

قنچی موڑ ڈیرہ نواب روڈ احمد پور شرقیہ

پنجاب ایجوکیشن فاؤنڈیشن بہاولپور بورڈ سے الحاق شدہ

Al Saleem Public School

السلیم پبلک سکول (رجسٹرڈ)

(نرسری تا میٹرک)

(بوائز اینڈ گرلز)

پرنسپل و ڈائریکٹر

ارشد سلیم

نزد ہائی وے مسافر خانہ

کے ایل پی روڈ مسافر خانہ تحصیل بہاولپور صدر ضلع بہاولپور

پنجاب ایجوکیشن فاؤنڈیشن و بہاولپور بورڈ سے الحاق شدہ

پبلک ہائیر سیکنڈری

احمد پور سکول

بوائز اینڈ گرلز
نرسری تا میٹرک

6 کنال رقبہ پر مشتمل سکول کیمپس

پرنسپل: محمد سلیمان فاروقی

ایم اے، بی ایڈ، ایل ایل بی

0300-8688787

بقیہ نمبر 01

تجاویز پیش نہیں کر دیتا۔انہوں نے اس پیش رفت کو ایران کے ساتھ مذاکرات کے دوسرے دور کے لیے مثبت قرار دیتے ہوئے کہا کہ مذاکرات کا اگلا مرحلہ ممکنہ طور پر جمعہ کو ہوسکتا ہے۔ یادرہے کہ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ٹروتھ سوشل پر بیان میں کہا وزیراعظم شہباز شریف اور فیلڈ مارشل عاصم منیر کی درخواست پر ایران کے خلاف حملہ فی الحال مئوخر کیا جارہا ہے تا کہ ایرانی قیادت اور نمائندے متفقہ تجویز پیش کر سکیں۔صدر ٹرمپ نے کہا کہ جنگ بندی میں اس وقت تک توسیع برقرار رہے گی جب تک ایران کی جانب سے تجویز پیش نہیں کی جاتی اور مذاکرات کسی نتیجے پر نہیں پہنچ جاتے، امریکی فوج کو ہدایت دی ہے کہ ایران کے خلاف ناکہ بندی جاری رکھی جائے اور دیگر تمام معاملات میں مکمل طور پر تیار رہا جائے۔اپنے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ٹروتھ سوشل پر امریکی صدر نے دعویٰ کیا کہ ایران کی حکومت اندرونی طور پر شدید تقسیم کا شکار ہے جو کہ غیر متوقع نہیں۔دوسری جانب سپیکر ایرانی پارلیمنٹ باقر قالیباف کے مشیر نے کہا ہے کہ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے جنگ بندی میں توسیع کرنے کی کوئی اہمیت نہیں ہے۔اپنے بیان میں مشیر سپیکر ایرانی پارلیمنٹ نے کہا کہ ہارنے والا فریق شرائط کا حکم نہیں دے سکتا، ناکہ بندی کا تسلسل بمباری سے مختلف نہیں اور اس کا جواب فوجی ردعمل کے ساتھ ہونا چاہیے۔باقر قالیباف کا کہنا ہے کہ ٹرمپ کا جنگ بندی میں توسیع کا اعلان سرپرائز حملے کیلئے وقت لینا ہے، ایران کو ضروری اقدامات کرنے چاہئیں، وقت آ گیا ہے کہ ایران خود پہل کرے اور اپنی حکمت عملی کو آگے بڑھائے۔ایران کی جانب سے یہ اہم بیان ایک ایسے وقت میں جاری ہوا ہے جب امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے ایران کے ساتھ جنگ بندی میں توسیع کا اعلان کیا ہے۔

بقیہ نمبر 02

حفاظت کیلئے شعور اجاگر کرنا ہماری اجتماعی ذمہ داری ہے۔زمین کے عالمی دن پر اپنے پیغام میں انہوں نے کہا کہ پاکستان ماحولیاتی تبدیلیوں کے اثرات سے شدید متاثر ہو رہا ہے، موسمیاتی آفات کے باعث پاکستان کو 30 ارب ڈالر سے زائد کا نقصان ہوا، 2022ء کے تباہ کن سیلاب میں 3 کروڑ سے زائد افراد متاثر ہوئے، انفراسٹرکچر کو اربوں ڈالر کا نقصان ہوا، گزشتہ سالوں میں پاکستان کے اوسط درجہ حرارت میں تیزی سے اضافہ ہوا ہے، درجہ حرارت کا بڑھنا ماحولیاتی خطرات میں اضافے کی علامت ہے۔انہوں نے کہا کہ ہمالیہ اور قراقرم کے گلیشیئرز تیزی سے پگھل رہے ہیں، گلیشیئرز پگھلنے کی وجہ سے سیلابی خطرات میں اضافہ ہو رہا ہے، پاکستان دنیا کے ان ممالک میں شامل جہاں گرین ہاؤس گیسوں کا اخراج نہ ہونے کے برابر ہے، پاکستان موسمیاتی تبدیلی سے شدید متاثر ہوا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ملک میں جنگلات کا مجموعی رقبہ عالمی معیار سے کم ہو کر صرف 5 فیصد رہ گیا ہے، جنگلات کی تیزی سے کٹائی ماحولیاتی عدم توازن کی بڑی وجہ ہے۔سپیکر قومی اسمبلی نے کہا کہ بڑے شہروں میں فضائی آلودگی میں تیزی سیا ضافہ ہوا ہے، آبی قلت پر قابو پانے کیلئے فوری اقدامات ناگزیر ہیں، پاکستان قابل تجدید توانائی کے [illegible]

تحفظ کیلئے پانی، توانائی اور قدرتی وسائل کا ذمہ دارانہ استعمال ضروری ہے۔سپیکر قومی اسمبلی نے کہا کہ زمین کا عالمی دن ماحول کے تحفظ کے لیے بھرپور کردار ادا کرنے کے عہد کی تجدید کا دن ہے۔

بقیہ نمبر 03

ڈویژن نے سولر سسٹم ترامیم کے تحت نیپرا لائسنس لازمی قرار دیا۔رپورٹ کے مطابق وفاقی حکومت کی جانب سے سولر سسٹم لگوانے والے تمام صارفین کے لئے نیپرا لائسنس لازمی قرار دے دیا ہے۔دوسری جانب ملک میں بجلی کی پیداوار میں اضافے کے سبب پیک ٹائم کے دوران بجلی کی فراہمی میں بہتری آنے لگی اور لوڈ شیڈنگ نقصانات والے علاقوں تک محدود ہوگئی۔ترجمان پاور ڈویژن کے مطابق صوبوں کی طرف سے ڈیمانڈ کی بدولت پیک ٹائم میں ڈیموں سے زیادہ پانی کے اخراج سے5125 میگاواٹ بجلی پیدا ہوئی، ملک کے جنوب سے سینٹر میں400 میگاواٹ گرڈ میں استحکام کی بدولت ترسیل جاری رہی۔بجلی تقسیم کار کمپنیوں نے کل رات پیک میں ڈیمانڈ میں اضافے کے باوجود بہتر بجلی سپلائی کی بدولت ایک گھنٹہ سے دو گھنٹے تک کی لوڈ مینجمنٹ کی۔ملک کے زیادہ نقصانات والے فیڈرز پر پالیسی کے مطابق اکنامک لوڈ مینجمنٹ جاری رہے گی، اکنامک لوڈ مینجمنٹ کا پیک ٹائم لوڈ مینجمنٹ سے کوئی تعلق نہیں ہے۔ترجمان کے مطابق ایل این جی کی دستیابی سے پیک ٹائم لوڈ مینجمنٹ بھی ختم ہوجائے گی، ایل این جی کی عدم دستیابی کی بدولت5500 میگاواٹ کے پاور پلانٹس سے بجلی پیدا نہیں ہورہی۔

بقیہ نمبر 04

کوششوں پر تبادلہ خیال کیا گیا۔وزیراعظم اور ایرانی سفیر کی ملاقات میں نائب وزیراعظم اسحاق ڈار بھی شریک ہوئے، وزیراعظم کے معاون خصوصی طارق فاطمی اور سیکرٹری خارجہ بھی موجود تھے۔خیال رہے کہ پاکستان کی جانب سے امریکا اور ایران کے درمیان مذاکرات کے دوسرے دور کیلئے سفارتی کوششیں تیز کردی گئی ہیں۔گزشتہ روز امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے سوشل میڈیا پر جاری اپنے پیغام میں کہا تھا کہ وزیراعظم پاکستان اور فیلڈ مارشل عاصم منیر کی درخواست پر ایران پر حملے روک رہے ہیں۔

بقیہ نمبر 05

نے اپنے مسائل ڈی پی او کے سامنے رکھے۔برآمدگی کے مقدمات میں جلد ریکوری کرکے رپورٹ پیش کرنے کے احکامات جاری کیے،غفلت برتنے والے افسران سے جواب طلبی کی جائے، ڈی پی او رانا عبدالوہاب :تفصیلات کے مطابق وزیر اعلی پنجاب اور انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب کے ویژن اور احکامات کی روشنی میں ڈی پی او رانا عبدالوہاب کی روزانہ کی بنیاد پر اپنے دفتر میں کھلی کچہری کے دوران20 سے زائد شہریوں کے مسائل دریافت کئے۔ ڈی پی او بہاولپور نے کھلی کچہری میں تمام سائلین کو باری باری تفصیل سے سنا اور انفرادی طور پر متعلقہ افسران کو بذریعہ فون کال بروقت قانونی کارروائی اور واپسی رپورٹ کے احکامات جاری کیے جبکہ متعدد ایس ایچ اوز کو کھلی کچہری میں طلب کرکے براہ راست جواب طلبی کی۔ کھلی کچہری میں ڈی پی او رانا عبدالوہاب نے متعدد سائلین کی درخواستوں پر انکوائریوں کا [illegible]

بقیہ نمبر 06

کالجز میں بھی تعلیمی معیار کی بہتری کے لیے اقدامات کر رہے ہیں۔اسی سلسلے میں یونیورسٹی ایفیلیئٹڈ کالج (اکبر انسٹی ٹیوٹ آف میڈیکل سائنسز بہاول پور) میں وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر محمد کامران نے آؤٹ کم بیسڈ ایجوکیشن کے موضوع پر ضلع بہاول پور کے جامعہ سے ملحقہ سرکاری اور پرائیویٹ کالجز کے پرنسپلز اور اساتذہ کرام کو تفصیلی لیکچر دیا۔ وائس چانسلر کا کہنا تھا کہ کوالٹی ایجوکیشن یونیورسٹی کیمپسز کے ساتھ ساتھ ملحقہ کالجز میں بھی ان کی اولین ترجیح ہے۔اسی سلسلے میں اساتذہ کرام کو دور حاضر کی جدید تدریسی طریقہ کار آؤٹ کم بیسڈ ایجوکیشن اور بلوم ٹیکسانومی کی ٹریننگ دی جا رہی ہے۔اس مقصد کے لیے خصوصی ورکشاپ ترتیب دی جا رہی ہیں تا کہ کیمپسز کے اساتذہ کے ساتھ ساتھ ملحقہ کالجز کے اساتذہ کو بھی جدید تدریسی طریقہ کار سے متعلق آگاہ دی جا سکے۔ یہ اقدام طلباو طالبات کی بہترین ذہنی آبیاری، اعتماد سازی اور جدید نصاب کی موثر تعلیم سے متعلق ہے تا کہ وہ عملی میدان میں بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کر سکیں۔ ڈائریکٹر کوالٹی انہاسمنٹ سیل پروفیسر ڈاکٹر محمد اسداللہ مدنی نے بتایا کہ اس طرح کی تربیتی ورکشاپس بہاول پور، بہاولنگر اور رحیم یار خان میں منعقد کی جا چکی ہیں۔ اس سلسلے میں لاء کالجز کے اساتذہ کے لیے بھی ایک ورکشاپ منعقد کی جائے گی۔ وائس چانسلر کوالٹی ایجوکیشن کے لیے ذاتی طور پر کوشاں ہیں اور اساتذہ کو تربیتی لیکچر دے رہے ہیں۔ صدر پرائیویٹ کالجز ایسوسی ایشن فیصل ندیم نے ملحقہ کالجز کے اساتذہ کی تربیتی ورکشاپ کو سراہا اور کہا کہ وائس چانسلر کی خصوصی توجہ کی بدولت ملحقہ کالجز میں امتحانات کو باقاعدگی سے منعقد کرانے کے لیے اقدامات جاری ہیں اور اس سلسلے میں بہتری آئی ہے۔ پرنسپل اکبر انسٹی ٹیوٹ آف میڈیکل سائنسز بہاول پور نے وائس چانسلر کی خصوصی آمد اور لیکچر دینے پر شکریہ ادا کیا۔

بقیہ نمبر 07

آمدورفت میں درپیش مشکلات سے نجات مل سکے۔انہوں نے واضح کیا کہ کام کی رفتار کے ساتھ ساتھ معیار پر بھی کوئی سمجھوتہ نہیں ہونا چاہیے اور تمام تعمیراتی سرگرمیاں اعلیٰ معیار کے مطابق مکمل کی جائیں۔انہوں نے کہا کہ عوامی مقامات پر بہترین سہولیات کی فراہمی انتظامیہ کی اولین ذمہ داری ہے اور اس سلسلے میں کسی قسم کی غفلت برداشت نہیں کی جائے گی۔ کمشنر نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ منصوبے کی بروقت تکمیل کو یقینی بنانے کے لیے تمام وسائل بروئے کار لائے جائیں۔

بقیہ نمبر 08

یونین کونسل دستی اور جھوک گلاب شاہ میں ایم این اے مخدوم سید مرتضی محمود سئیں اور ایم پی اے سردار حاجی غضنفر علی خان لنگاہ کے خصوصی ترقیاتی فنڈز سے کروڑوں روپے کے منصوبوں پر کام تیزی سے جاری بیان کے مطابق علاقے میں متعدد اہم سڑکوں کی تعمیر و مرمت جاری ہے جن میں ٹھل حمزہ روڈ تا فاضل پور بستی مختیار احمد خان چانڈیہ میٹل کارپٹڈ روڈ، ٹھل حمزہ تا بستی درگھ میٹل روڈ، ٹھل حمزہ روڈ تا بستی ملک احمد بخش آرائیں میٹل روڈ، بانہ روہیہ تا ڈیرہ فریدی 2.5 کلومیٹر میٹل روڈ، ڈیرہ فریدی تا ٹھل حمزہ براستہ اظہر کالونی میٹل روڈ اور ڈیرہ فریدی تا ٹبی جھلن 3 کلومیٹر میٹل روڈ شامل ہیں۔انہوں نے مزید بتایا کہ ٹھل حمزہ میں سپورٹس کمپلیکس سمیت دیگر ترقیاتی منصوبوں پر بھی کام تیزی سے جاری ہے جبکہ ٹف ٹائل، سولنگ اور نالیوں کی تعمیر کے لیے مزید 5 کروڑ روپے کی خطیر فنڈز بھی منظور ہو چکے ہیں سردار حاجی عارف خان گبول نے کہا کہ ایم این اے مخدوم سید مرتضی محمود سئیں اور ایم پی اے سردار حاجی غضنفر علی خان لنگاہ کی اولین ترجیح عوامی خدمت اور علاقے کی پائیدار ترقی ہے، اور یہ منصوبے اسی وژن کی عملی تصویر ہیں۔

بقیہ نمبر 09

ایم ایس سی فرانسسکا اور ایپامینوڈس کے نام سے کی ہے، ایم ایس سی فرانسسکا کا تعلق اسرائیل سے بتایا گیا ہے۔ایرانی بحریہ کے مطابق دونوں جہاز بغیر اجازت سرگرم تھے اور بار بار قواعد کی خلاف ورزیاں کررہے تھے، ان کی جانب سے نیویگیشن سسٹم میں ردوبدل کیا [illegible]

بقیہ نمبر 10

مطابق وزیراعلی پنجاب کے ویژن منشیات و اسلحہ ناجائز سے پاک پنجاب اور انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب کے احکامات کی روشنی میں ڈی پی او رانا عبدالوہاب کی طرف سے جرائم پیشہ افراد کے خلاف جاری مہم میں بڑی کامیابیاں ملنے کا سلسلہ جاری ہے۔تھانہ سول لائنز، سمہ سٹہ، دھوڑ کوٹ، صدر یزمان، عنایتی اور تھانہ صدر حاصل پور پولیس نے بھرپور کارروائیاں کرتے ہوئے شراب فروشی کے مرتکب06 ملزمان کو گرفتار کرکے ان کے قبضہ سے410 لیٹر شراب اور02 عدد چالو بھٹیاں برآمد کرلیں۔اسی طرح تھانہ سول لائنز، کینٹ، بغداد الجدید، عباس نگر، اوچشریف، سٹی یزمان اور تھانہ صدر حاصل پور پولیس نے منشیات فروشوں کے خلاف گھیرا تنگ کرتے ہوئے07 ملزمان کو گرفتار کرکے ان کے قبضہ سے1390 گرام چرس اور 121 گرام کرسٹل آئس برآمد کرلی۔جبکہ تھانہ بغداد الجدید، سٹی احمد پور شرقیہ اور تھانہ عنایتی پولیس نے اسلحہ ناجائز کے خلاف ایکشن لیتے ہوئے05 ملزمان کو گرفتار کرکے ان کے قبضہ سے04 عدد پسٹل 30 بور اور01 عدد ریوالور 32 بور برآمد کرلیا۔ گرفتار ملزمان کے خلاف علیحدہ علیحدہ مقدمات درج کر کے تفتیش شروع کردی۔اس موقع پر ڈی پی او رانا عبدالوہاب نے اپنے پیغام میں کہا کہ جرم جیسا بھی ہو قانون سے کسی صورت بچ نہیں سکتا، سماج دشمن عناصر کے خلاف جاری آپریشن کو مزید تیز کیا جارہا ہے، انہوں نے مزید کہا کہ جرائم پیشہ افراد کا تعاقب جاری رکھا جائے گا۔

بقیہ نمبر 11

گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ عوامی شکایات کے ازالے میں کسی قسم کی کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی۔انہوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب کے وژن کے مطابق دوردراز علاقوں کے عوام کوان کی دہلیز پر انصاف فراہم کرنا انتظامیہ کی ذمہ داری ہے۔کمشنر نے مزید کہا کہ عوامی مسائل کے بروقت حل کو یقینی بنایا جا رہا ہے اور ڈویژنل انتظامیہ عوامی خدمت کو اپنی اولین ترجیح سمجھتی ہے۔انہوں نے کہا کہ شہریوں کے مسائل کے حل کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں تا کہ عوام کو ریلیف فراہم کیا جاسکے۔

بقیہ نمبر 12

اہمیت کو اجاگر کرنے کے ساتھ ساتھ اس کے تحفظ کی اجتماعی ذمے داری کا احساس بھی دلاتا ہے۔وزیر اعظم نے کہا ہے کہ زمین کے قدرتی وسائل انسانی زندگی کی بقاء اور نشوو نما کی ضمانت ہیں جبکہ نباتات وحیوانات سمیت ہر طرح کی زیست کو پروان چڑھانے میں زمین کا کلیدی کردار ہے۔انہوں نے کہا کہ اس وقت کرہ ارض کو موسمیاتی تبدیلی سمیت مختلف ماحولیاتی چیلنجز کا سامنا ہے جو قدرتی وسائل، موسمی توازن اور معیار زندگی پر اثر انداز ہو رہے ہیں، پاکستان موسمیاتی تبدیلی سے متاثرہ نمایاں ممالک میں شامل ہے۔وزیر اعظم شہباز شریف نے یہ بھی کہا ہے کہ موسمی شدت اور غیر معمولی تغیرات ماحولیاتی تبدیلی کی عکاسی کرتے ہیں جو زمین کے قدرتی خدوخال کے تحفظ کے عزم کو مزید مضبوط بنانے کا تقاضہ کرتے

بقیہ نمبر 13

ڈاکٹر کی پوسٹیں ہیں جبکہ صرف دو ڈاکٹر تعینات ہیں خصوصا لیڈی ڈاکٹر کے نہ ہونے کی وجہ سے خواتین مریضوں کو امراض مخصوصہ کے چیک اپ کے لیے دور دراز کے شہروں میں واقع ہسپتالوں میں جانا پڑتا ہے جس کی وجہ سے غریب خواتین کرائے کے اضافی اخراجات کے باعث شدید مشکلات کا شکار ہیں اسی طرح ڈینٹل سرجن کی سیٹ خالی ہے ایل ایچ وی +مڈوائف کی چھ پوسٹیں ہیں صرف دو کام کررہی ہیں ایکسرے مشین اور ڈینٹل مشین ورک میں نہیں ہیں صفائی کے لیے تین سینٹری ورکر کی ضرورت ہے صرف ایک کام کررہا ہے اور وہ بھی معذور ہے انجمن تاجران کے رہنما حاجی محمد اکبر غوری اور سماجی شخصیت ایم اے خالق بھٹی سمیت شہریوں نے حکومت پنجاب سے اپیل کی ہے کہ فوری طور پر خالی آسامیاں پر تعیناتی کی جائیں اور ایکسرے مشین و ڈینٹل مشین کو فعال کیا جائے۔

بقیہ نمبر 14

[illegible]

معاشرے کی تعمیر و ترقی میں اپنا کردار ادا کرتی ہے، انسانی سوچ اور عمل کو مہمیز دیتی ہے اور مختلف سماجی مسائل کو سمجھنے اور حل کرنے کے لیے ایک موثر ذریعے کے طور پر کام کرتی ہے۔ معاشروں کو متعدد چیلنجز کا سامنا رہتا ہے اور ان سے موثر طور پر نمٹنے اور زندگی کے مسائل کا حل تلاش کرنے کے لیے کتابوں کے مطالعے کی اشد ضرورت ہے۔ آج کے پاکستان میں مصنوعی ذہانت (AI) کو اکثر ایک ایسے رجحان کے طور پر دیکھا جاتا ہے، جیسے کہ ہم پہلے ہی 'بعد از کتاب دور' (erabook-Post) میں داخل ہو چکے ہیں۔ حقیقت اس کے برعکس ہے۔مصنوعی ذہانت اور الگورتھم کے دور میں بھی کتابیں متروک نہیں ہیں۔ بلکہ ان کی اہمیت پہلے سے بھی بڑھ گئی ہے، بالخصوص پاکستان میں جہاں ادارہ جاتی صلاحیت، میڈیا کے نظام اور تعلیم کے معیار میں تفاوت پایا جاتا ہے۔کتابیں ماضی کا کوئی قدیم ورثہ نہیں بلکہ واضح سوچ، ثقافتی تسلسل اور باخبر فیصلہ سازی کی بنیاد ہیں۔ ایک ایسے ماحول میں جہاں مصنوعی ذہانت عام ہورہی ہو، حقیقی برتری ان لوگوں کو حاصل ہوگی جو گہرائی سے مطالعہ کرنے، آزادانہ سوچنے اور مصنوعی ذہانت کو بیساکھی کے بجائے ایک صلاحیت کے طور پر استعمال کرتے ہوں۔سب سے بڑھ کر، کتاب ایک مخلص اور سچی دوست ہے۔ بنی نوع انسان کا بہترین مطالعہ خود انسان ہے، اور کتابیں ہمیں عظیم شخصیات کی زندگیوں، واقعات، کارناموں، انقلابات، کامیابیوں اور ناکامیوں سے متعارف کراتی ہیں، جن میں سے ہر ایک ہمارے لیے ایک قیمتی سبق ہے۔ ان اسباق کے ذریعے ہم مستقبل کے لیے کامیاب منصوبہ بندی کر سکتے ہیں۔کتابیں خود آگاہی، کردار سازی اور ایک مثالی معاشرے کی تشکیل میں کلیدی کردار ادا کرتی ہیں۔تاریخ گواہ ہے کہ کتابوں نے ہمیشہ افراد کو اپنے معاشروں کی دیرپا کامیابی کے حصول کی طرف رہنمائی فراہم کی ہے۔ کتابوں سے ہم جو کچھ پڑھتے اور سیکھتے ہیں وہ زندگی بھر ہمارے ساتھ رہتا ہے اور ہر قدم پر ہماری رہنمائی کرتا ہے۔پاکستان میں مطالعہ کے کلچر کو فروغ دینے کے لیے "یوم کتاب" شاندار جذبے کے ساتھ منایا جاتا ہے۔متعلقہ ادارے اس مقصد کے حصول کے لیے کوشاں ہیں، بالخصوص نیشنل بک فاؤنڈیشن، جوکہ مطالعہ کے کلچر کو عام کرنے میں اہم کردار ادا کر رہی ہے۔کئی برسوں سے یہ ادارہ "یوم کتاب" پر بڑے پیمانے پر کتب میلے منعقد کررہا ہے، جن میں لاکھوں لوگ مطالعے کے شوق کو جلا دینے کے لیے شریک ہوتے ہیں۔ضرورت اس بات کی ہے کہ "یوم کتاب" کو بھرپور طریقے سے اجاگر کرنے کی کوشش کی جائے، کتابوں کی اہمیت اور افادیت پر زور دیا جائے اور نئی نسل کو مطالعہ سے مستفید ہونے کے مواقع فراہم کیے جائیں تا کہ ان میں مطالعہ کا دیرپا شوق پیدا ہو سکے، جو نہ صرف ذاتی کامیابی بلکہ پوری قوم کی ترقی کا باعث بنے۔

بقیہ نمبر 15

کرنے پر صدر ٹرمپ کا شکریہ ادا کیا ہے۔وزیراعظم شہباز شریف کا کہنا ہے کہ پاکستان تنازعات کے مذاکراتی حل کے لیے اپنی بھرپور کوششیں جاری رکھے گا۔انہوں نے مزید کہا کہ امید ہے دونوں فریق جنگ بندی کی پاسداری جاری رکھیں گے۔وزیراعظم نے کہا کہ امید ہے دونوں فریق تنازعات کے مستقل خاتمے کے لیے اسلام آباد میں طے شدہ مذاکرات کے دوسرے دور کے دوران جامع امن ڈیل میں کامیاب ہو جائیں گے۔واضح رہے کہ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کا کہنا ہے کہ پاکستانی قیادت نے ہم سے کہا ہے کہ ایران پر حملہ نہ کریں۔سماجی رابطے کے پلیٹ فارم ایکس پر جاری بیان میں ٹرمپ نے کہا کہ جنگ بندی میں تب تک توسیع کررہے ہیں جب تک بات چیت کا عمل مکمل نہیں ہوجاتا۔

بقیہ نمبر 16

رجحان دیکھا جا رہا ہے۔بازار حصص میں کاروبار کے دوران100 انڈیکس میں257 پوائنٹس کی کمی ریکارڈ کی گئی جس کے بعد انڈیکس 1 لاکھ 72 ہزار 898 پوائنٹس پر آگیا۔آج اب تک کے کاروبار کے دوران [illegible]

بقیہ نمبر 17

ڈویژن صادق آباد اور رحیم یار خان سے متعلق [illegible]

بہاول پور: ڈپٹی کمشنر سید حسن رضا جائے پروڈکشن اینڈ ویلفیئر بیورو کے مختلف شعبہ جات اور زیر تعمیر حصوں کا معائنہ کر رہے ہیں۔

بہاول پور: کمشنر عرفان علی کاٹھیا کو ڈپٹی کمشنر سید حسن رضا نئے تعمیر ہونے والے ڈی سی چوک بارے بریفنگ دے رہے ہیں۔

شکایات کی سماعت کی جس دوران شہریوں نے بجلی سے متعلق مختلف مسائل پیش کیےسماعت کے موقع پر سینیئر ایڈوائزر نے سائلین کے مقف کو تفصیل سے سنا اور متعلقہ افسران کو موقع پر ہی ضروری احکامات جاری کیے تا کہ مسائل کا فوری اور مؤثر حل یقینی بنایا جا سکے کارروائی کے دوران 95 سے زائد کیسز نمٹائے گئے، جن میں زائد بجلی بلوں، خراب میٹرز، کم وولٹیج اور دیگر تکنیکی نوعیت کی شکایات شامل تھیں۔فوری اقدامات کے نتیجے میں شہریوں کو مجموعی طور پر 20 لاکھ روپے سے زائد کا ریلیف فراہم کیا گیا، جو ادارے کی عوامی خدمت کے عزم کی عکاسی کرتا ہے مزید برآں عوامی سہولت کے پیش نظر 5 بجلی کے پولز اور 6 خراب میٹرز کی تبدیلی کے احکامات بھی جاری کیے گئے جن پر متعلقہ حکام نے فوری عملدرآمد کی یقین دہانی کروائی سائلین نے وفاقی محتسب کے فورم کی جانب سے بروقت اور بلا معاوضہ انصاف کی فراہمی کو سراہتے ہوئے اطمینان کا اظہار کیا۔آخر میں سینئر ایڈوائزر طاہر نواز خان، ریجنل ہیڈ باسط عزیز خان، ساتھ پنجاب کو آرڈینیٹر ڈاکٹر زاہد اور وفاقی محتسب نوید کامران بلوچ کی عوامی مسائل کے حل کے لیے کاوشوں کو خراج تحسین پیش کیا گیا۔

بقیہ نمبر 18

وزیر نے اس منصوبے کو پاکستان کی مستقبل کی ترقی کا اہم راستہ اور اقتصادی خوشحالی کی جانب ایک فیصلہ کن قدم قرار دیا ہے۔وفاقی وزیر عبدالعلیم خان نے کہا کہ اللہ کے فضل سے حکومت نے اس منصوبے کا کامیابی سے آغاز کردیا ہے جو گزشتہ 30 سال سے زائد عرصے سے تعطل کا شکار تھا، اور محض دو سال کی بھرپور کوششوں سے یہ اہم سنگ میل عبور کرلیا گیا ہے۔انہوں نے واضح کیا کہ ایم 6 موٹروے ملک کے کراچی سے سکھر کوریڈور کا "مسنگ لنک" ہے، جس کی تکمیل پائیدار قومی ترقی کے لیے انتہائی ناگزیر ہے۔وفاقی وزیر نے مزید کہا کہ یہ موٹروے پاکستان کے اہم ترین بنیادی ڈھانچے میں سے ایک ہے، جسے ملکی تجارت اور لاجسٹکس کے لیے ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت حاصل ہوگی۔اس مسنگ لنک کی تکمیل سے پاکستان کا ٹرانسپورٹ نیٹ ورک جدید خطوط پر استوار ہو جائے گا، جس کے ذریعے کراچی پورٹ سے آنے والی ٹریفک ایک مسلسل موٹروے سسٹم کے ذریعے پشاور اور گلگت تک با آسانی سفر کر سکے گی۔306 کلومیٹر طویل یہ چھ رویہ منصوبہ جدید ٹولنگ اور سیفٹی سسٹمز سے لیس ہوگا، جس میں مسافروں اور تجارتی ٹرانسپورٹرز کی سہولت کے لیے 15 انٹرچینج اور 10 جدید ترین سروس ایریاز بنائے جائیں گے۔منصوبے کے ڈھانچے میں حیدرآباد سے نواب شاہ تک کے دو اہم سیکشنز شامل ہیں جنہیں پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ (PPP) ماڈل کے تحت تیار کیا جائے گا تا کہ شفافیت کو یقینی بنایا جا سکے اور نجی شعبے کی سرمایہ کاری کو راغب کیا جا سکے۔ جہاں اسلامی ترقیاتی بینک اور اوپیک فنڈ پہلے ہی دیگر تین سیکشنز کے لیے فنانسنگ کی منظوری دے چکے ہیں، وہیں وفاقی وزیر نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ ایم 6 کا مکمل منصوبہ اگلے دو سال کے عرصے میں مکمل کر لیا جائے گا۔عبدالعلیم خان نے مزید کہا کہ کراچی کی [illegible]

بقیہ نمبر 19

نہیں۔انہوں نے سوشل میڈیا پر اپنے پیغام میں کہا کہ اس اعلان کی کوئی اہمیت نہیں اور ہارنے والا فریق شرائط کا حکم نہیں دے سکتا۔مہدی محمدی نے کہا کہ ایران کے خلاف جاری ناکہ بندی بمباری کے مترادف ہے اوراس کا جواب فوجی کارروائی کی صورت [illegible]

میں دیا جانا چاہیے۔ان کا کہنا تھا کہ جنگ بندی میں توسیع دراصل ایک چال ہوسکتی ہے تا کہ اچانک حملے کیلئے وقت حاصل کیا جاسکے، اس لیے ایران کو خود پیش قدمی کرتے ہوئے صورتحال کا کنٹرول سنبھالنا ہوگا۔واضح رہے کہ ٹرمپ نے وزیراعظم شہباز شریف اور فیلڈ مارشل عاصم منیر کی درخواست پر جنگ بندی میں مزید توسیع کا اعلان کیا ہے۔

بقیہ نمبر 20

داری منتقل کرنے کی مسلسل کوششوں کی شدید مذمت کی ہے۔پہلگام واقعے کو ایک سال مکمل ہونے پر سینیٹ سیکرٹریٹ سے جاری بیان میں سید یوسف رضا گیلانی نے کہا کہ سنگین اشتعال انگیزیوں کے باوجود پاکستان نے انتہائی تحمل کا مظاہرہ کیا تاہم اپنی خودمختاری اور علاقائی سلامیت کے دفاع کے لیے مکمل طور پر تیار رہا۔انہوں نے اس امر پر زور دیا کہ پاکستان کا ردعمل پاکستان- بھارت کشیدگی کے دوران متوازن، ذمہ دارانہ اور بین الاقوامی قانون کے عین مطابق تھا۔چیئرمین سینیٹ نے پاکستان کی مسلح افواج کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں اور عزم کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ ان کی تیاری اور دفاعی صلاحیت نے قومی خودمختاری کا بھرپور تحفظ کیا اور نازک صورتحال میں دشمن کے عزائم کو ناکام بنایا۔انہوں نے یاد دلایا کہ پاکستان نے واقعے کے فوری بعد غیر جانبدار اور شفاف تحقیقات کی پیشکش کی تھی اور اس بات پر زور دیا کہ صرف قابل اعتماد اور شواہد پر مبنی تحقیقات ہی حقائق کو سامنے لا سکتی اور کشیدگی بڑھنے سے روک سکتی ہیں۔ سید یوسف رضا گیلانی نے کہا کہ ذمہ دار ریاستیں یکطرفہ فیصلوں یا المناک واقعات کو سیاسی مقاصد کے لیے استعمال نہیں کرتیں۔انہوں نے بھارت کے یکطرفہ اور مہم جوئی پر مبنی اقدامات بشمول ''آپریشن سندور'' کی شدید مذمت کرتے ہوئے اسے غیر ذمہ دارانہ اور خطے کے امن کے لیے خطرہ قرار دیا اور خبردار کیا کہ اس طرح کے اقدامات علاقائی توازن اور امن کو نقصان پہنچاتے ہیں۔انہوں نے پاکستان کے خلاف سرگرم عناصر کی مسلسل سرپرستی اور مداخلت پر بھی گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے اسے خودمختاری اور بین الاقوامی اصولوں کی صریح خلاف ورزی قرار دیا۔سندھ طاس معاہدے کو نقصان پہنچانے کی کوششوں پر بھی خبردار کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ایسے اقدامات خطرناک کشیدگی کو جنم دیتے اور خطے میں استحکام اور آبی وسائل کے تحفظ کو خطرے میں ڈال سکتے ہیں۔پاکستان کے موقف کا اعادہ کرتے ہوئے چیئرمین سینیٹ نے کہا کہ پاکستان امن کے لیے پرعزم ہے تاہم کسی بھی جارحیت یا مہم جوئی کا موثر، متناسب اور فیصلہ کن جواب دیا جائے گا۔انہوں نے کہا کہ پاکستان اپنی خودمختاری اور قومی مفادات کے تحفظ کے لیے پرعزم ہے اور خطے کو عدم استحکام سے دوچار کرنے یا عالمی سطح پر حقائق مسخ کرنے کی ہر کوشش کا بھرپور مقابلہ کرے گا۔

بقیہ نمبر 21

تیسرے روز بھی کمی ہوئی ہے۔آل پاکستان صرافہ جیمز اینڈ جیولرز ایسوسی ایشن کے مطابق ملک میں فی تولہ سونے کی قیمت 1 ہزار200 روپے کم ہوکر 4 لاکھ 98 ہزار 962 روپے ہو گئی۔ملک میں 10 گرام سونے کی قیمت 1 ہزار 29 روپے کم ہوکر 4 لاکھ 27 ہزار 779 روپے ہوگئی۔دوسری جانب عالمی بازار میں سونے کا بھاؤ 12 ڈالرز کم ہو کر 4766 ڈالرز فی اونس ہوگیا۔واضح رہے کہ گزشتہ روز سونے کی فی تولہ قیمت میں 4 ہزار900 روپے کی کمی ہوئی تھی۔

بقیہ نمبر 22

وخوشحالی کے لیے خصوصی دعا کرائی اس موقع پر مشیر وزیر اعلی پنجاب برائے مصنوعی ذہانت محمد علی ڈار نے کہا کہ ہم اولیا اللہ کی تعلیمات پر عمل پیرا ہو کر دین دنیا اور آخرت میں کامیابی سے ہمکنار ہو سکتے ہیں اولیا اللہ نے دین اسلام کی تبلیغ کیلیے بہت سی سختیاں جھیل کر ہم تک اور آنے والی نسلوں کیلیے حضور اکرم کا دین کا پیغام پہنچایا بعد ازا اویسی ہاوس خانقاہ شریف پہنچے وہاں استقبالیہ دیا گیا صوبائی مشیر وزیر اعلی پنجاب برائے مصنوعی ذہانت محمد علی ڈار وفاقی پارلیمانی سیکرٹری ریلوے و ممبر قومی اسمبلی میاں عثمان نجیب اویسی نے اپنے چچا مرحوم حضرت خواجہ میاں صلاح الدین اویسی تحریر کردہ کتاب صاحب السیر اور اجرک کا تحفہ پیش کیا اس موقع پر خانوادہ اویسہ صاحبزادہ میاں فہد اویسی، محمد فیصل ندیم ممبر بورڈ جنوبی پنجاب سیلانی ویلفیئر انٹرنیشنل ٹرسٹ و دیگر موجود تھے

بقیہ نمبر 23

یاسین ملک کے خلاف ایک اہم اور حساس کیس کی سماعت کے موقع پر اپنے وڈیو پیغام میں انہوں نے عالمی برادری سے فوری مداخلت کی اپیل کی ہے اور کہا کہ یاسین ملک نے ماضی میں مسلح جدوجہد ترک کر کے پرامن سیاسی راستہ اختیار کیا تھا جس کی یقین دہانی عالمی قوتوں کی جانب سے کرائی گئی تھی مگر آج

وہ اسی فیصلے کی قیمت جیل میں ادا کر رہے ہیں۔انہوں نے امریکا، چین، او آئی سی سمیت عالمی اداروں سے مطالبہ کیا کہ یاسین ملک کی رہائی کے لیے انسانی بنیادوں پر فوری اقدامات کئے جائیں، انہیں مناسب طبی سہولیات فراہم کی جائیں اور رہا کیا جائے۔مشعال ملک نے خبردار کیا کہ کشمیر ایک حساس خطہ ہے اور اگر قیادت کو دبایا گیا تو اس کے اثرات پورے خطے کے امن پر مرتب ہو سکتے ہیں۔

بقیہ نمبر 24

معاملے پر خود کو اس سے جوڑنے کی تردید کرتے ہوئے اسے بے بنیاد قیاس آرائیاں قرار دیا ہے۔چینی وزارت خارجہ کے ترجمان گاؤ جیاکن نے پریس بریفنگ کے دوران کہا کہ جس جہاز کو امریکا نے قبضے میں لیا وہ ایک غیر ملکی کنٹینر بردار جہاز ہے اور اس کا چین سے کوئی تعلق نہیں۔اس سے قبل امریکا میں اقوام متحدہ کی سابق سفیر نکی ہیلی نے دعویٰ کیا تھا کہ امریکی کارروائی میں روکا گیا ایرانی پرچم بردار جہاز چین سے روانہ ہوا تھا اور اس میں میزائلوں کے لیے کیمیائی مواد منتقل کیا جارہا تھا۔

بقیہ نمبر 25

سیکیورٹی نظام کو جدید بنانے کے حوالے سے اہم فیصلے کیے گئے۔اعلیٰ سطح کے اس اجلاس میں سیکرٹری داخلہ محمد خرم آغا، سیکرٹری دفاع لیفٹیننٹ جنرل (ر) محمد علی، ایڈیشنل سیکرٹری داخلہ میجر جنرل نور ولی خان، ایڈیشنل سیکرٹری دفاع میجر جنرل قیصر سلیمان، ڈی جی اینٹی نارکوٹکس فورس میجر جنرل عبدالمعید اور ڈی جی ایف آئی اے ڈاکٹر عثمان انور نے شرکت کی۔ جوائنٹ مسافروں کی سہولت کے لیے ایئرپورٹس پر تمام متعلقہ اداروں کے ''جوائنٹ کاؤنٹرز'' قائم کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے تا کہ ایک ہی مقام پر تمام مراحل مکمل ہو سکیں۔ ایئرپورٹس پر چیکنگ کے نظام کو موثر بنانے کے لیے جدید ترین سکینرز اور مشینری نصب کی جائے گی۔اجلاس میں ای گیٹس کی تنصیب کے عمل کا جائزہ لیا گیا، جس سے امیگریشن کا عمل تیز تر ہو جائے گا۔سیکرٹری دفاع نے بتایا کہ طیاروں کو پرندوں سے ہونے والے حادثات سے بچانے کے لیے جدید ترین مشینری درآمد کی جارہی ہے۔وزیر داخلہ محسن نقوی نے تمام اداروں کے درمیان مؤثر کوآرڈینیشن کو یقینی بنانے پر زور دیتے ہوئے کہا کہ عوام کو جدید، تیز اور آسان سفری سہولیات فراہم کرنا ہمارا عزم ہے۔ ایک ہی سکینر پر تمام اداروں کی مشترکہ چیکنگ سے مسافروں کے وقت کی بچت ہوگی اور ایئرپورٹس پر رش اور انتظار کی کیفیت میں نمایاں کمی آئے گی۔انہوں نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ مسافروں کی تیز تر کلیئرنس کے لیے تمام رکاوٹیں دور کی جائیں تا کہ بیرون ملک سے آنے اور جانے والے شہریوں کو کسی قسم کی دشواری کا سامنا نہ کرنا پڑے۔

بقیہ نمبر 26

حوالے سے انٹیلی جنس معلومات رکھنے والے متعدد امریکی حکام کے مطابق ایران کے پاس وہ فوجی صلاحیتیں اب بھی موجود ہیں جن کا وائٹ ہاس یا پینٹاگون نے عوامی طور پر اعتراف نہیں کیا۔تین امریکی حکام نے امریکی نشریاتی ادارے سی بی ایس نیوز کو بتایا کہ اپریل کے آغاز میں جنگ بندی کے وقت ایران کے بیلسٹک میزائلوں کے ذخیرے اور ان سے منسلک لانچ سسٹمز کا تقریبا نصف حصہ اب بھی محفوظ تھا۔حکام کے مطابق پاسداران انقلاب کی بحریہ کا تقریبا 60 فیصد حصہ اب بھی موجود ہے جس میں تیز رفتار حملہ آور کشتیاں بھی شامل ہیں۔ حکام نے کہا کہ ایران کی فضائی قوت کو نمایاں نقصان پہنچا ہے لیکن وہ مکمل طور پر ختم نہیں ہوئی اور ایران کی فضائیہ کا تقریبا دو تہائی حصہ اب بھی فعال ہے۔ایک امریکی عہدیدار کے مطابق جنگی نقصانات کے جائزے سے ظاہر ہوتا ہے کہ جنگ میں ایران کی روایتی بحریہ کا بڑا حصہ تباہ ہوگیا ہے تاہم حکام کے مطابق پاسداران انقلاب کی بحریہ، جو غیر روایتی جنگ کے لیے تیار کی گئی ہے اور چھوٹے جہازوں پر مشتمل ہے، جزوی طور پر اب بھی برقرار ہے، اور یہی بحریہ آبنائے ہرمز میں تیل بردار جہازوں کی آمد و رفت میں رکاوٹ بن رہی ہے۔اس سے قبل امریکی صدر ٹرمپ اور وزیر دفاع پیٹ ہیگسیتھ آپریشن ایپک فیوری میں ایران کی فوجی صلاحیت کو تقریبا مکمل طور پر تباہ کرنے کا دعوی کر چکے ہیں۔

پبلشر
احسان احمد سحر
پرنٹر
نسیم اختر
مطبع
گردیزی پرنٹنگ پریس بہاولپور
مقام اشاعت
535-536 سرور شاہ سٹریٹ احمد پور شرقیہ